Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 19ستمبر 2018

وزیراعظم پاکستان کے ویژن ''گرین پاکستان ڈرائیو'' سر سبز پاکستان مہم کے مشن کو مدنظر رکھتے ہوئے زرعی ترقیاتی بینک نے اس مہم میں شامل ہو کر اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کا اعادہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں زرعی ترقیاتی بینک کے صدر سید طلعت محمود نے زرعی ترقیاتی بینک میں پودا لگا کر اس مہم کا آغاز کیا۔ ان کے علاوہ بینک کے سینئر افسران و دیگر ملازمین نے بھرپور شرکت کی اور اس مہم میں حصہ لیا۔

اس موقع پر بینک کے صدر نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے اس عظیم مشن کی تکمیل کی خاطر زرعی ترقیاتی بینک نے ملک بھر میں اپنے 32 زونل آفسز کو پانچ پانچ ہزار پودے لگانے کا ہدف دیا ہے۔ زونل آفسز ملک بھر میں موبائل کریڈٹ آفیسرز کے زریعے زونل آفسز کی حدود میں پودے لگائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ''درخت لگاؤ پاکستان کو سر سبز بناؤ'' مہم ملک میں بڑھتی ہوئی موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی آلودگی کے خاتمے میں بہترین کردار ادا کرے گی۔ بینک کے تمام افسران اور ملازمین 30 ستمبر تک بینک فارم پر اپنے اپنے حصہ کا پودا لگا کر اس مہم میں شامل ہو سکتے ہیں۔

صدر بینک نے مزید کہا کہ سر سبز پاکستان مہم کی کامیابی کے لئے ہم کسان کی بہتری کے ساتھ ساتھ حکومت کے شانہ بشانہ زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر آنے والی نسلوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے کے لئے سرگرم عمل رہیں گے۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 2-051-9252681